# امریکی قونصل جنرل، حیدرآباد میں
# ویزا اپائنٹمنٹ کیلئے آنیوالے امیدواروں کیلئے نئے ضابطے

حیدرآباد، 17 جون 2011: امریکی قونصل جنرل نے قونصل خانہ میں ویزا خواستگاروں کے داخلہ کے سلسلے میں تبدیلی کا اعلان کیا ہے۔ پیر، 20 جون سے قونصل خانہ درخواست گزاروں سے اصرار کرے گا کہ وہ مقررہ اپائنٹمنٹ سے 15 منٹ ہی پہلے آئیں، اس سے قبل قونصل خانہ میں داخل نہ ہوں۔

حالیہ ہفتوں میں ویزا خواستگار پہلے آؤ، پہلے پاؤ کی بنیاد پر قونصل خانہ میں داخل ہوئے ہیں۔ لیکن اس عمل کے نتیجہ میں قونصل خانہ سے باہر لمبی قطاریں ہوسکتی ہیں اور ویزا امیدواروں کو طویل انتظار کرنا پڑسکتا ہے۔ اس کے علاوہ موسم باراں کی آمد سے انہیں مزید مشکلات کا سامنا ہوسکتا ہے۔

اگر درخواست گزار بہت پہلے پہنچ جاتا ہے، ہم اس سے چلے جانے اور اپائنٹمنٹ سے کچھ ہی پہلے واپس آنے کیلئے کہیں گے۔

قونصلر چیف مائیکل یوڈر نے کہا ''ان تبدیلیوں کے نتیجہ میں انٹرویو کیلئے قونصل خانہ آنے والے بہت سارے ویزا خواستگاروں کیلئے انتظار کی گھڑیاں کم ہوسکیں گی اور ہمارے رجسٹریشن اور سیکورٹی کے عمل میں آسانی ہوگی جس سے درخواست گزاروں کو بہتر تجربے کا احساس ہوگا۔''

☆☆☆